نقشبندی اسلام آباد نے کہا کہ اکابرین کا مشن اب نوجوان اور پر عزم خون نے آگے بڑھانا ہے جن کا ہم نے ہر صورت میں ساتھ دینا ہوگا۔ شیخ الحدیث حضرت مولانا سید شیر علی شاہ مدنی نے اپنے صدارتی دعائیہ کلمات میں کہا کہ افغان طالبان اور عرب شہداء کا خون رائیگاں نہیں جائے گا اس کے اثرات پورے عالم اسلام پر انقلابی صورت میں مرتب ہوں گے۔ مولانا نے کنونشن کے منتظم مولانا حامد الحق حقانی کو ضلع نوشہرہ کے علماء اور دیندار عوام کا نمائندہ کنونشن کامیاب بنانے پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے جمعیت کے پلیٹ فارم پر ان کا ہر ممکن ساتھ دینے کا اعلان کیا۔ حضرت مولانا سیف الرحمان درخواستی نے کہا کہ پاکستانی قوم نے فیصلہ دینا ہوگا کہ وہ حق و باطل کی جنگ میں کس کا ساتھ دیں گے؟ مولانا سید محمد یوسف شاہ، حاجی سردار حسین، اکوڑہ خٹک 2 کے ناظم عبدالرحمان عابد نے اپنی اپنی تقاریر میں قائد جمعیت کا جمعیت علماء اسلام اور دفاع افغانستان و پاکستان کونسل کے پلیٹ فارم پر عظیم خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ قائد جمعیت ضلع نوشہرہ کے ساتھ ساتھ ملک کے کسی بھی حصے میں قربانی کا کردار ادا کرنے کا حکم دیں گے تو ہم اس گلستان کی آبیاری اپنے خون سے کریں گے۔ کنونشن میں آنے والے انتخابات کا ہر پہلو پر جائزہ لیا گیا اور ملک بھر کے رہنماؤں اور کارکنوں کو انتخابات کی بھرپور تیاری کی ہدایات اور ضلعی تنظیموں کو فعال بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔ رکنیت سازی کی مہم کو بھی تیز تر بنانے کا فیصلہ ہوا۔ قراردادوں میں امریکی کانگریس کی کاروائیوں اور تحفظ ناموس رسالت کے ترامیم کے بارے میں سفارشات پر شدید احتجاج اور اسے پاکستان کی خودمختاری اور دین اسلام میں صریح مداخلت قرار دیا گیا اور حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ امریکہ سے اس بارے میں پرزور احتجاج کرے۔ آئین کی روح کو آئے دن ترامیم سے مسخ کرنے کی شدید مذمت کی گئی ہندوستان میں مسلمانوں پر جاری بربریت پر شدید احتجاج کیا گیا اور قوم سے مطالبہ کیا گیا کہ وہ ہر جمعہ کو اسرائیل اور بھارت کے خلاف یوم مذمت کے طور پر منائیں۔ پاکستانی سرحدات پر بھارتی افواج کے اجتماع پر بھی احتجاج کریں۔ ایک قرارداد میں تمام سیاسی سرگرمیوں پر پابندی اٹھانے اور امریکہ کی مزید سپورٹ کو ختم کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ اسلامی دفعات 63 - 62 پر پورے اترنے والے امیدواروں کے لئے انتخابات کو صاف و شفاف بنایا جائے۔ گریجویشن کی شرط کو چند برس بعد نافذ العمل کیا جائے۔ کنونشن نے ایک قرارداد کے ذریعہ ضلع نوشہرہ اور خصوصاً اکوڑہ خٹک کے بنیادی مسائل نوجوانوں کے لئے ذہنی و جسمانی نشوونما کے لئے فوری اسٹیڈیم کے قیام اور حل کا مطالبہ بھی صوبائی حکومت سے کیا۔ کنونشن کے شرکاء نے پرزور نعروں سے قائدین کا استقبال کیا۔ کنونشن میں کئی خوش الحان شاعروں نے نظمیں بھی سنائیں۔ کنونشن کے آخر میں دعوت طعام کے بعد شرکاء نے اجتماعی نماز ظہر ادا کی۔ کنونشن کی اجتماع گاہ میں میلہ کا سا سماں تھا۔

دار العلوم کے سہ ماہی امتحانات کا انعقاد:

گزشتہ ہفتے دار العلوم میں سہ ماہی امتحانات کا انعقاد کیا گیا۔ امتحانات ایوان شریعت دار الحدیث میں ایک